Tuen Mun Hospital
Department of Paediatrics & Adolescent Medicine
ٹوئن من ہسپتال
پیڈیاٹرکس اور بالغ ادویات کا شعبہ


# بچوں میں شدید گیسٹرونٹیرائیٹس

## Acute Gastroenteritis In Children



Urdu version 2020

## تسلیمات

مریض اختیار دہی پروگرام
نئے علاقے مغربی کلسٹر


鳴謝 Acknowledgement

新界西醫院聯網
New Territories West Cluster
病人啟力基金
Patient Empowerment Programme




Should there be any inconsistency between the English and Urdu version, the English version shall prevail.

اگر انگلش اور اردو ورژن میں کوئی تضاد پایا گیا تو انگلش ورژن کو ہی مانا جائے گا۔


تاریخ اشاعت: 2020


## ڈسچارج کا مشورہ

والدین کو ڈسچارج کے بعد مندرجہ ذیل پر توجہ دینی چاہئیے:

1. بچے کو پھر بھی ہلکی قے آنا اور اسہال لگ سکتے ہیں۔ زبانی خوراک کے بارے میں ڈاکٹر کے مشورے پر عمل کریں اور حالت خراب ہونے کی صورت میں طبی مشورہ طلب کریں۔

2. آپ اور آپ کے بچے کو اچھی طرح سے ہاتھ دھونے چاہئیں خاص طور پر:
   - دودھ تیار کرنے اور پلانے سے پہلے۔
   - نیپی تبدیل کرنے اور ٹوائلٹ استعمال کرنے کے بعد۔



3. غذا اچھی طرح سے دھلی ہوئی اور اچھی طرح سے پکی ہوئی ہونا چاہئیے۔ کچی غذائیں اور پکے ہوئے کھانوں کو الگ الگ اسٹور کرنا اور مناسب طریقے سے ڈھانپ کر رکھنا چاہئیے۔

## گیسٹروانٹیریٹس کیا ہے؟

گیسٹروانٹیریٹس معدہ اور آنتوں میں شدید سوزش کی وجہ سے ہونے والا ایک عام بچوں کا مرض ہے۔

گیسٹروانٹیریٹس میں مبتلا شیرخوار بچوں کے لئے، حالت زیادہ سنگین ہو سکتی ہے۔

## .G.Eکی وجوہات

ترسیل کا اہم راستہ ہاتھ کے کھلونوں، کھانوں پر بیکٹیریائی، طفیلی مرض آوروں کا معدے میں ادخال اور ان کے حاملین کے ساتھ رابطے سے ہے

سب سے عام بیکٹیریائی مرض آور سالمونیلا اور شیگیل اور پھیلنے والے مرض آور نوروائرس (نورواک جیسا وائرس) اور روٹا وائرس ہیں۔

## .G.E کی نشانیاں اور علامات



بچے کو الٹی لگنا، اسہال، پیٹ میں شدید درد، پیٹ پھولنا، بخار یا بھوک نہ لگنا ہوسکتا ہے۔

بیکٹریائی انفیکشن کی صورت میں پاخانہ میں خون یا بلغم ممکن ہے۔ چھوٹے بچوں میں شدید پانی کی کمی ہو سکتی ہے۔

## پانی کی کمی کی نشانیاں اور علامات

شدید قے لگنے اور اسہال سے پانی کی کمی کی درج ذیل نشانیاں اور علامات ہو سکتی ہیں:

1. منہ میں لعابی جھلی خشک ہونا۔
2. جلد کی پھُلاٹ میں کمی۔
3. پیشاب کی پیداوار میں کمی۔
4. سانس پھولنا۔
5. غنودگی یا چڑچڑاپن۔




## G.Eکو منظم کرنا

### 1. پانی کی کمی کا علاج کرنا

- ہلکی یا درمیانی پانی کی کمی میں: دہانی پانی کی کمی پوری کرنیوالے حل استعمال کریں۔
- شدید پانی کی کمی میں:
- الیکٹرولائٹس کے نقصان کو پورا کرنے کے لئے ہسپتال میں وریدوں میں ڈالنے جانے مائعات کی ضرورت ہوتی ہے۔

### 2. ادویات کاری

- مانع قے اور مانع اسہال ادویات کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ یہ آنتوں کی حرکت کو کم کر سکتے ہیں، جس سے بیکٹیریا کے دوبارہ پیدا ہونے کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے، اور یہ آنتوں میں رکاوٹ جیسے سنگین ضمنی اثرات کا سبب بھی بن سکتی ہیں۔
- گیسٹروانٹیریٹس میں زیادہ تر اینٹی بائیوٹکس کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اینٹی بائیوٹکس سے پیچیدگیاں اور طویل عرصے کے لئے اسہال لگ سکتے ہیں۔

### 3. ذاتی حفظان صحت

- دودھ تیار کرنے، پلانے سے پہلے اور نیپی تبدیل کرنے کے بعد ہاتھ دھوئیں۔
- استعمال شدہ نیپی کو نامزدہ کردہ باسکٹ میں ڈالیں اور اچھی طرح سے ڈھانپ دیں۔
- اسپتال میں داخل ہونے کے دوران حکم کردہ الگ تھلگ کے اقدامات کی سختی سے پیروی کریں۔

### 4. فیڈنگ

- غذا کی کوئی پابندی نہیں ہیں۔ آسانی سے جذب پذیر، ہضم پذیر اور غذائیت سے بھرپور غذا جیسے کانگی، نوڈلز اور پھل لیں۔
- چھوٹی اور متعدد بار فیڈنگ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- قے اور اسہال لگنے کے شدید مرحلے کے دوران بہت زیادہ گلوکوز، بہت زیادہ فائبر، تلی ہوئی اور گڑبڑ کرنیوالے کھانوں سے پرہیز کریں۔
- ماں کا دودھ یا فارمولا دودھ معمول کے مطابق پلانا جاری رکھیں۔
- عارضی لیکٹوز موافق نہ آنے کی صورت میں خصوصی فارمولا دودھ کی سفارش کی جا سکتی ہے۔

### 5. جلد کی دیکھ بھال



- اس بات سے آگاہ رہیں کہ اسہال لگنے کے دوران کولہوں کی ناز ک جلد باآسانی خراب ہوجائے گی۔
- کولہوں کو نیپی بار بار تبدیل کرنے سے صاف اور خشک رکھیں۔
- جب ضروری ہو کولہوں پر حفاظتی مرہم لگائیں